میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 03 محرم، 1438ھ — 04/10/2016 — نمبر: PN16061

ریاست خلافت میں محصولات اور اخراجات

حزب التحریر کی کتاب "ریاست خلافت کے اموال" کا اردو ترجمہ جاری کر دیا گیا

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے حزب التحریر کی جانب سے اسلام کے مالیاتی نظام پر لکھی گئی مفصل کتاب "ریاست خلافت کے اموال" کا اردو ترجمہ جاری کر دیا ہے۔ اس کتاب میں 'ریاستِ خلافت کے اموال' اور اس کے احکامات کو زیر بحث لایا گیا ہے، ان اموال کے ذرائع آمدن، اور ان کی اقسام پر مفصل بات کی گئی ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ اموال کن اشیاء پر وصول کیے جاتے ہیں، کن لوگوں سے وصول کیے جاتے ہیں، ان کے وصول کرنے کے اوقات، ان کے وصول کرنے کی کیفیت، اور اس شعبۂ کا بیان جس کے تحت یہ اموال محفوظ رکھے جاتے ہیں، اسی طرح ان کے مستحقین اور خرچ کرنے کے شعبوں کو بیان کیا گیا ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے رسول محمد ﷺ کے ذریعے اسلام کو زندگی کے نظام اور سارے عالم کے لیے پیغام کے طور پر نازل کیا ہے۔ اس لیے ایک ایسی ریاست ناگزیر ہے جو اسلام کو نافذ کرے اور ساری دنیا کے لیے اس کے پیغام کی فکری علمبردار بنے۔ اسلام نے اس ریاست کو "ریاستِ خلافت" قرار دے کر اس کی امتیازی شکل اور منفرد طرز کو متعین کیا، جو دنیا میں موجود دیگر تمام ریاستوں کی اشکال سے یکسر مختلف ہے، یہ اختلاف ان ستونوں میں بھی ظاہر ہے جس پر وہ قائم ہوتی ہے، اور اپنے اس ڈھانچے کے لحاظ سے بھی جس سے اس کی تشکیل ہوتی ہے، اپنے دستور اور قوانین میں جو کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ سے ماخوذ ہیں، جن کی پابندی، نفاذ اور اس کے احکام پر عمل کرنا خلیفہ اور امت پر فرض ہے، کیونکہ یہ اللہ کی شریعت میں سے ہے، نہ کہ انسان کے بنائے ہوئے قوانین۔ اسلام نے امت کے اُمور کی دیکھ بھال کو ریاستِ خلافت کے سپرد کر دیا ہے، اس کو ریاست میں موصول ہونے والے اموال اور ان کو خرچ کرنے کی ذمہ داری بھی سونپی گئی ہے، تاکہ وہ نسل اور مذہب کے امتیاز کے بغیر اپنے شہریوں کے امور کی دیکھ بھال اور دعوت کی علمبردار بننے کے قابل ہو۔ شرعی دلائل نے ریاست کی آمدن کے ذرائع، ان کے انواع اور ان کے حصول کی کیفیت کو بیان کر دیا ہے۔ اسی طرح ان اموال کے مستحقین اور ان شعبۂ جات کو واضح کر دیا ہے جن میں یہ اموال خرچ کیے جاتے ہیں۔

ریاستِ خلافت میں اموال کے احکامات کتاب اور سنت سے اخذ کیے گئے ہیں، اس کے لیے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعینؒ اور تبع تابعینؒ کے اقوال کو بھی پرکھا گیا ہے، ائمہ مجتہدین کے اقوال کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے، پھر اس رائے کو اختیار کیا گیا ہے جس کو دلیل کے اعتبار سے ترجیح حاصل ہو، کیونکہ احکام شرعیہ کو غلبۂ ظن کی بنیاد پر اخذ کیا جاتا ہے، اس میں عقائد کی طرح قطعی اور یقینی کی شرط نہیں ہوتی۔

اُن اردو بولنے والے مسلمانوں کے لئے جو جلد ہی آنے والی ریاست خلافت (انشاءاللہ) کے محصولات اور اخراجات کے نظام کو جاننا اور سمجھنا چاہتے ہیں، یہ کتاب ایک شاندار تحفہ ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے:

http://pk.tl/1mBF

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
یوٹیب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
ویب: www.hizb-pakistan.com
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK